# Farḥatu al-Qulūb

## Fī

## Mawlidi al-Nabīyi al-Maḥbūb ﷺ

**《Mīlādu al-Nabī ﷺ: Aḥādīs̱e Mubārakah kī Raushanī meṅ》**

www.TahirulQadriBooks.com

Shayḳh al-Islām
al-Duktūr Muḥammad Ṭāhir al-Qādirī

RomanUrdū Ṭrānsliṭareṭar

Dīwān Mŏḥsin Shāh

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

﴿صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهِ وَصَحْبِهِ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ﴾

www.TahirulQadriBooks.com

## Harfe Aaghaaz

"Jashne Milad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Manaana Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadate Baa Sa'adat Kee Taarikhi Khushi Men Masarrat-o Shaadmaani Ka Izhaar Hai Aur Sahih Bukhari Kee Riwaayat Se Yeh Baat Waazeh Ha Ki Yeh Aisa Mubaarak Amal Hai Jis Se Aboo Lahab Jaise Kaafir Ko Bhi Faa'eda Pahonchta Hai Hala'n Ki Us Kee Mazammat Men Poori Soorat Naazil Hu'i Hai. Agar Aboo Lahab Jaise Kaafir Ko Milad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Khushi Men Har Peer Ko Azaab Men Takhfeef Naseeb Ho Sakti Hai To Us Momin Musalman Kee Sa'aadat Ka Kya Thikaana Hoga Jis Kee Zindagi Milad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Khushiya'n Manaane Men Basar Hoti Ho.

Huzoor Sarware Ka'enat Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Khud Bhi Apne Yaume Wilaadat Kee Khushi Manaate Aur Is Kaa'enaat Men Apne Zuhoor-o Wujood Par Bargahe Rab-ul-Izzat Men Sipaas Guzaar Hote Huwe Peer Ke Din Roza Rakhte. Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Apne Yaume Wilaadat Kee Ta'zeem-o Takreem Farmaate Huwe Tehdise Ne'mat Ka Shukr Baja Laana Hukme Khudawandi Tha Kyun Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Hee Ke Wujoode Mas'ood Ke Tasadduq Aur Waseele Se Har Wujood Ko Sa'aadat Mili Hai.

www.TahirulQadriBooks.com

Jashne Milad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka 'Amal Musalmano'n Ko Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Par Durood-o Salam Jaise Aham Faraa'iz Kee Taraf Raghbat Dilaata Hai Aur Qalb-o Nazar Men Zauq-o Shauq Kee Faza' Hamwaar Karta Hai. Salat-o Salam Ba-Zaat Khud Shari'at Men Be-Panaah Nawaazishaat-o Barakaat Ka Baa'ia Hai. Is Liye Zamhoore Ummat Ne Milad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka In'eqaad Mustehsan Samjha.

Sirate Tayyibah Kee Ahammiyyat Ujaagar Karne Aur Jazba'e Mahabbate Rasool Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Farogh Ke Liye Mehfile Milad Kalidi Kirdaar Karti Hai. Isi Liye Jashne Milad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Men Faza'il, Shamaa'il, Khasaa'il Aur Mu'jizaate Sayyid-ul-Mursalin Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Tazkira Aur Uswa'e Hasana Bayaan Hota Hai.

Jashne Milad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Ek Aham Maqsad Mahabbat-o Qurbe RasoolAllah Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Husool-o Farogh Aur Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Zaate Giraami Se Musalmano'n Ke Ta'alluq Ka Ihya' Hai Aur Yeh Ihya' Manshaa'e Shari'at Hai. Choo'n Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Zaate Aqdas Ummate Muslima Ke Imaan Ka Markaz-o Mehwar Aur Haqiqi Aasaas Hai. Ummate Muslima Kee Baqa-o Salaamati Aur Taraqqi Ka Raaz Hee Is Amr Par Munhasir Hai Ki Woh Faqat Zaate Mustafa Salla

Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ko Apni Jumla Aqidato'n, Mahabbato'n Aur Tamannao'n Ka Markaz-o Mehwar Gardaane Aur Yeh Baat Qat'iy Taur Par Jaan Le Ki Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Nisbat Ke Istehkaam Aur Waasta Ke Baghair Dunya-o Aakhirat Men Koi Izzat-o Sarfaraazi Naseeb Nahin Ho Sakti Hai.

Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Faza'il-o Kamaalaat Kee Ma'refat Imaan Billah Aur Iman Bi-Al-Risaalat Men Izaafa Ka Moharrik Banti Hai. Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Ta'zeem-o Tauqeer Imaan Ka Pehla Bunyaadi Taqaaza Hai Aur Milade Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Silsile Men Masarrat-o Shaadmaani Ka Izhaar Karna, Mahaafile Zikr-o Na't Ka In'eqaad Karna Aur Khaane Ka Ehtemaam Karna Allah Ta'ala Ke Huzoor Shukr Guzaari Ke Sab Se Numaaya Mazaahir Men Se Hai. Allah Ta'ala Ne Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ko Hamaare Liye Mab'oos Farma Kar Hame'n Apne Be Paaya'n Ehsaanaat-o Inaayaat Aur Nawazishaat Ka Mustahiq Thehraaya Hai. Is Liye Allah Ta'ala Ne Is Ehsaane Azeem Ko Jatlaaya Hai.

Jis Tarh Maahe Ramadaan-ul-Mubaarak Ko Allah Rab-ul-Izzat Ne Qur'an Hakeem Kee Azamat-o Shaan Ke Tufayl Deegar Tamaam Mahino'n Par Imtiyaaz 'Ata Farmaaya Hai Usi Tarh Maahe Rabi'-ul-Awwal Ke Imtiyaaz Aur Inferaadiyyat Kee Waj'h Bhi Is Men Saahibe Qur'an Kee Tashreef-Aawri Hai. Yeh Maahe Mubaarak Bhi Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat

Baa-Sa'aadat Ke Sadqe Jumla Mahino'n Par Numaaya Fazilat Aur Imtiyaaz Ka Haamil Hai. Shabe Milaade Rasool Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Laylat-ul-Qadr Se Bhi Afzal Hai. Laylat-ul-Qadr Men Nuzoole Qur'an Huwa To Shabe Milad Men Shaahibe Qur'an Kee Aamad Hu'i. Laylat-ul-Qaadr Kee Fazeelat Is Liye Hai Ki Woh Nuzoole Qur'an Aur Nuzoole Malaa'iqa Kee Raat Hai Aur Nuzoole Qur'an Qalbe Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Par Huwa Hai. Agar Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Na Hote To Na Qur'an Hota, Na Shabe Qadr Hoti, Na Koi Aur Raat Hoti. Yeh Saari Fazeelate'n Aur Azmate'n Milaade Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Sadaqa Hain.

Is Kaa'enaate Insaani Par Allah Ta'ala Ne Be-Hadd-o Hisaab Ehsaanaat-o In'aamaat Farmaa'e Aur Us Ne Hame'n Laa-Ta'daad Ne'mato'n Se Nawaaza Jin Men Se Har Ne'mat Dusri Se Badh Kar Hai Lekin Us Ne Kabhi Kisi Ne'mat Par Ehsaan Nahin Jatlaaya.

Allah Ta'ala Ne Hame'n Lazzat-o Tawanaa'i Se Bharpoor Tarh Tarh Ke Khaane 'Ata Kiye, Peene Ke Liye Khush Dhaa'eqa Mukhtalif Mashroobaat Diye, Din Raat Ka Ek Aisa Nizaam-ul-Awqaat Diya Jo Sukoon-o Aaraam Faraaham Karne Ke Saath Saath Hamaari Zarooriyyaate Zinagi Kee Kafaalat Karta Hai, Samundaro'n, Pahaado'n Aur Khala'e Baseet Ko Hamaare Liye Musakkhar Kar Diya, Hame'n Ashraf-ul-Makhlooqaat Banaaya Aur Hamaare Sar Par Buzurgi Wa 'Azamat Ka Taaj Rakha, Waalidain, Bahan, Bhaai Aur Aulaad Jaisi Ne'mato'n Kee

Arzaani Farmaa’i Al-Gharaz Apni Aisi Aisi Ataao’n Aur Nawaazisho’n Se Faiz-Yaab Kiya Ki Ham Un Ka Idraak Karne Se Bhi Qaasir Hain Lekin Un Sab Ke Baa-Wujood Us Ne Ba-Taure Khaas Ek Bhi Ne’mat Ka Ehsaan Nahin Jatlaaya. Lekin Ek Ne’mat Aisi Thi Ki Khuda’e Buzurg-o Bartar Ne Jab Use Apne Hareeme Kibriyaa’i Se Nau’e Insaani Ke Taraf Bheja To Poori Kaa’enaate Ne’mat Men Sirf Us Par Apna Ehsaan Jatlaaya Aur Us Ka Izhaar Bhi ‘Aam Pairaae Men Nahin Kiya Balki Ahle Imaan Ko Us Ka Ehsaas Dilaaya. Momineen Se Roo’e Khitaab Kar Ke Irshaad Farmaya:

لَقَدْ مَنَّ اللهُ عَلَى الْمُؤمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْ أَنفُسِهِمْ.

**[Aali Imran, 03: 164.]**

“Be Shak Allah Ne Musalmaano’n Par Bada Ehsaan Farmaya Ki Un Men Unhi Men Se (‘Azamat Waala) Rasool (Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam) Bheja.”

Islam Men Allah Sub'hanahu Wa-Ta'ala Kee Ne’mato’n Aur Us Ke Fazl-o Karam Par Shukr Baja Laana Taqaaza’e Uboodiyyat-o Bandagi Hai, Lekin Qur’an Ne Ek Maqaam Par Us Kee Jo Hikmat Bayaan Farmaa’i Hai Woh Khaasi Maa’na Khez Hai. Irshaad Farmaya:

www.TahirulQadriBooks.com

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ۝

**[Ibrahim, 14: 07]**

“Agar Tum Shukr Ada Karoge To Main Tum Par (Ne’mato’n Men) Zaoor Izaafa Karunga Aur Agar Tum Naashukri Karoge To Mera Azaab

Yaqinan Sakht Hai".

Is Aaya'e Karima Kee Roo Se Ne'mato'n Aur Shukr Baja Laana Mazeed Ne'mato'n Ke Husool Ka Peshe Khaima Ban Jaata Hai. Phir Ne'mato'n Par Shukraana Sirf Ummate Muhammadiyyah Par Hee Waajib Nahin Balki Umame Saabiqa Ko Bhi Is Ka Hukm Diya Jaata Raha. Soorat-ul-Baqarah Kee Aayat Number 47 Men Bani Isra'il Ko Woh Ne'mat Yaad Dilaa'i Ga'i Jis Kee Ba-Daulat Unhe'n 'Aalam Par Fazeelat Haasil Ho Ga'i Aur Phir Us Qaum Ko Fir'auni Daur Men Un Par Tootne Waale Hol-Naak Azaab Kee Taraf Mutawajje Kiya Gaya Jis Se Rihaa'i Un Ke Liye Ek Azeem Ne'mat Kee Soorat Men Saamne Aa'i. Is Ke Baa'd Farmaya:

وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ.

**[Al-Baqarah, 02: 49.]**

"Aur (Ae Aale Ya'qoob! Apni Qaumi Taarikh Ka Woh Waaqe'a Bhi Yaad Karo) Jab Ham Ne Tumhe'n Qaume Fir'awn Se Najaat Bakhshi Jo Tumhe'n Intehaa'i Sakht Azaab Dete The."

Is Qur'ani Irshaad Kee Raushani Men Ghulami Wa Mehkoomi Kee Zindagi Se Aazaadi Bohat Badi Ne'mat Hai Jis Par Shukr Baja Laana Aane Waali Naslo'n Par Waajib Hai. Is Se Istidlaal Karte Huwe Ham Par Yeh Zimmedaari Aa'id Hoti Hai Ki Qaumi Aazaadi Ko Allah Ta'ala Kee Taraf Se 'Ata Kee Hu'i Ne'mate Ghair Mutaraqqiba Samjhe'n Aur Us Par Shukraana Ada Kare'n. Mazkoora Baala Aayate Karima Is Amr Par Shaahid Hai Ki Ne'mat Ke Shukraane Ke Taur Par Baa Qaa'idagi Ke Saath Bil-

Ehtemaam Khushi-o Masarrat Ka Izhaar Is Liye Bhi Zaroori Hai Ki Aa'inda Naslo'n Ko Is Ne'mat Kee Qadr-o Qeemat Aur Ahamiyyat Se Aagaahi Hoti Rahe.

Yoo'n To Insaan Saara Saal Ne'mate Ilaahi Par Khuda Kee Zaate Kareema Ka Shukr Ada Karta Rehta Hai Lekin Jab Gardishe Ayyaam Se Woh Din Do Baara Aata Hai Jis Men Min Hayth-ul-Qawm Is Par Allah Ta'ala Ka Karam Huwa Aur Mazkoora Ne'mat Is Ke Shareeke Haal Hoti To Khushi Kee Kaifiyyaat Khud Bakhud Jashn Kee Soorat Ikhtiyaar Kar Leti Hain. Qur'an Majeed Men Ja Baja Is Ka Tazkira Hai Ki Jab Bani Isra'il Ko Fir'auni Zulm-o Sitam Aur Us Kee Cheera Dastiyo'n Se Aadaadi Mili Aur Woh Neel Ke Toofaani Maujo'n Se Mahfooz Ho Kar Waadi'e Seena Men Pahonche To Waha'n Un Ka Saamna Shadeed Garmi Aur Tez Chilchilaati Dhoop Se Huwa To Un Par Baadalo'n Ka Saa'ebaan Khada Kar Diya Gaya. Yeh Ek Ne'mat Thi Jis Ka Zikr Is Aaya'e Kareemah Men Kiya Gaya Hai:

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى.

**[Al-Baqarah, 02: 57.]**

"Aur (Yaad Karo) Jab (Tum Fir'awn Ke Gharq Hone Ke Baa'd Shaam Ko Rawana Huwe Aur Waadiye Teeh Men Sargarda'n Phir Rahe The To) Ham Ne Tum Par Baadal Ka Saaya Kiye Rakha Aur Ham Ne Tum Par Mann-o Salwa Utaara."

Qur'an Majeed Ne Deegar Maqaamat Par Khaas Khaas Ne'mat Ka Zikr Kar Ke Un Ayyaam Ke Hawaale Se Unhe'n Yaad Rakhne Ka Hukm

Diya Hai. Phir Ne'mato'n Par Khushi Wa Masarrat Ka Izhaar Karna Sunnate Anbiya' Alayhimu Al-Salam Bhi Hai. Hazrat 'Isa Alayhi Al-Salam Ne Jab Apni Qaum Ke Liye Ne'mate Maa'idah Talab Kee To Apne Rab Ke Huzoor Yoo'n 'Arz Guzaar Huwe:

رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِنْكَ.

**[Al-Ma'idah, 05: 114.]**

"Ae Hamaare Rab! Ham Par Aasmaan Se Khwaane (Ne'mat) Naazil Farma De Ki (Us Ke Utarne Ka Din) Hamaare Liye Eid (Ya'ni Khushi Ka Din) Ho Jaa'e Hamaare Aglo'n Ke Liye (Bhi) Aur Hamaare Pichhlo'n Ke Liye (Bhi) Aur (Woh Khwaan) Teri Taraf Se (Teri Qudrate Kaamila Kee) Nishaani Ho."

Qur'an Majeed Ne Is Aaya'e Karimah Ke Zari'e Apne Nabi Ke Hawaale Se Ummate Muslima Ko Yeh Tasawwur Diya Hai Ki Jis Din Ne'mate Ilaahi Ka Nuzool Ho Us Din Jashne Manaana Shukraana'e Ne'mat Kee Mustehsan Soorat Hai. Is Aayat Se Yeh Mafhoom Bhi Mutarashshih Hai Ki Kisi Ne'mat Ke Husool Par Khushi Wohi Manaate Hain Jin Ke Dil Men Apne Nabi Kee Mahabbat Jaaguzi'n Hoti Hai Aur Woh Is Ke Izhaar Men Nabi Ke Saath Shareek Hote Hain.

Allah Ta'ala Kee Kisi Ne'mat Par Shukr Baja Laane Ka Ek Ma'roof Tareeqa Yeh Bhi Hai Ki Insaan Husoole Ne'mat Par Khushi Ka Izhaar Karne Ke Saath Us Ka Dusro'n Ke Saamne Zikr Bhi Karta Rahe Ki Yeh Bhi

Shukraana'e Ne'mat Kee Ek Soorat Hai Aur Aisa Karna Qur'an Hakeem Ke Is Irshaad Se Saabit Hai:

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

**[Ad-Duha, 93: 11.]**

"Aur Apne Rab Kee Ne'mato'n Ka (Khoob) Tazkira Kare'n.

Is Men Pehle Zikre Ne'mat Ka Hukm Hai Ki Allah Ta'ala Kee 'Ata Kee 'Ata Karda Ne'mat Ko Dil-o Jaan Se Yaad Rakha Jaa'e Aur Zabaan Se Us Ka Zikr Kiya Jaa'e Lekin Yeh Zikr Kisi Aur Ke Liye Nahin Faqat Allah Ta'ala Ke Liye Ho. Is Ke Baa'd Tehdithe Ne'mat Ka Hukm Diya Ki Khule Bando'n Makhlooqe Khuda Ke Saamne Is Ko Yoo'n Bayaan Kiya Jaa'e Ki Ne'mat Kee Ahamiyyat Logo'n Par Aya'n Ho Jaa'e. Yaha'n Yeh Waazeh Rahe Ki Zikr Ka Ta'alluq Allah Ta'ala Se Aur Tehdithe Ne'mat Ka Ta'alluq Makhlooq Se Hai Kyoo'n Ki Is Ka Ziyaada Se Ziyaada Logo'n Men Charcha Kiya Jaa'e Jaisa Ki Qur'an Majeed Men Irshaad Huwa:

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

**[Al-Baqarah, 02: 152.]**

www.TahirulQadriBooks.com

"So Tum Mujhe Yaad Karo Main Tumhe'n Yaad Rakkhunga Aur Mera Shukr Ada Kiya Karo Aur (Meri Ne'mato'n Ka) Inkaar Na Kiya Karo."

Is Aaya'e Karimah Men Talqeen Kee Ga'i Hai Ki Khaali Zikr Hee Na Karte Raho Balki Allah Ta'ala Kee Ne'mato'n Ka Zikr Shukraane Ke Saath Is Andaaz Men Karo Ki Makhlooqe Khuda Men Us Ka Khoob

Charcha Ho. Is Par Mustazaad Izhaare Tashakkur Ka Ek Tareeqa Yeh Bhi Hai Ki Ne'mat Par Khushi Ka Izhaar Jashn Aur Eid Kee Soorat Men Kiya Jaa'e. Umume Saabiqa Bhi Jis Din Koi Ne'mat Unhe'n Mayassar Aati Us Din KoBa-Taure Eid Manaati Thi'n. Qur'an Majeed Men Hazrat 'Isa Alayhi Al-Salam Kee Us Du'aa Ka Zikr Hai Jis Men Woh Bargahe Ilaahi Men Yoo'n Multaji Hote Hain:

رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا.

**[Al-Ma'idah, 05: 114.]**

"Ae Hamaare Rab! Ham Par Aasmaan Se Khwaane (Ne'mat) Naazi l Farma De Ki (Us Ke Utarne Ka Din) Hamaare Liye Eid (Ya'ni Khushi Ka Din) Ho Jaa'e Hamaare Aglo'n Ke Liye (Bhi) Aur Hamaare Pichhlo'n Ke Liye (Bhi)."

Yaha'n Ma'idah Jaisi Aarizi Ne'mat Par Eid Manaane Ka Zikr Hai. Isaa'i Log Aaj Tak Itwaar Ke Din Us Ne'mat Ke Husool Par Ba-Taur Shukraana Eid Manaate Hain. Yeh Hamaare Liye Lamha'e Fikriyya Hai Ki Kya Nuzool Maa'idah Jaisi Ne'mat Kee Wilaadato-o Be'sate Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Se Koi Nisbat Ho Sakti Hai? Is Ne'mate Uzma Par To Maa'idah Jaisi Karodo'n Ne'mate'n Nithaar Kee Jaa Sakti Hain.

'Sahih Bukhari' Aur 'Sahih Muslim' Men Hazrat Umar Radiya Allahu Anhu Kee Yeh Muttafaqun 'Alayh Riwaayat Maujood Hai Ki Jab Ek Yahoodi Ne Un Se Puchha Ki Kya Aap Jis Din Aayat - الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ -

Naazil Hu'i Us Din Ko Bature Eid Manaate Hain? Agar Hamaari Tawraat Men Aisi Aayat Utarti To Ham Use Zaroor Yaume Eid Bana Lete. Is Ke Jawaab Men Hazrat Umar Radiya Allahu Anhu Ne Farmaya: Ham Us Din Aur Jagah Ko Jaha'n Yeh Aayat Utri Thi Khoob Pehchaante Hain. Yeh Aayat Yaume Hajj Aur Yaume Jumu'at-ul-Mubarak Ko Maidaane Arafaat Men Utri Thi Aur Hamaare Liye Yeh Dono'n Din Eid Ke Din Hain.

Is Par Sawaal Kiya Jaa Sakta Hai Ki Agar Takmeele Din Kee Aayat Ke Nuzool Ka Din Ba-Taure Eid Mana Ne Ka Jawaaz Hai To Jis Din Khud Mohsine Insaaniyyat Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Is Dunya Men Tashreef Laa'e Ise Ba-Taure Eide Milaad Kyoo'n Nahin Manaaya Ja Sakta? Yehi Sawaal Fazeelate Yaume Jumu'ah Ke Baab Men Arbaabe Fikr-o Nazar Ko Ghaur Karne Kee Da'wat Deta Hai.

Riwaayat Men Yeh Bhi Mazkoor Hai Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Apne Milad Kee Khushi Men Bakre Zab'h Kar Ke Ziyaafat Ka Ehtemaam Farmaya. Hazrat Anas Radiya Allahu Anhu Kee Riwaayat Ke Mutaabiq Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Baa'd Az Be'sat Apna 'Aqiqa Kiya. Is Par Imam Suyooti (849_911 Hijri) Ka Istidlaal Hai Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka 'Aqiqa Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Daada Hazrat 'Abd-ul-Muttalib Aap Kee Wilaadat Ke Saat Din Baa'd Kar Chuke The Aur 'Aqiqa Zindagi Men Sirf Ek Baar Kiya Jata Hai. Is Liye Aap Ne Yeh Ziyaafat Apne Milaad Ke Liye Dee Thi, 'Aqiqa Ke Liye Nahin.

Kaa'enaat Men Huzoor Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Se Badi Ne'mate Ilahiyyah Ka Tasawwur Bhi Muhaal Hai. Is Par Jo Ghair Ma'mooli Khushi Aur Sarwar-o Imbisaat Ka Izhaar Kiya Gaya Is Ka Kuchh Andaaza Kutube Siyar-o Tarikh Ke Mutaala'a Se Hota Hai. In Kitabo'n Men Faza'il-o Sham'il Aur Khasa'is Ke Hawaale Se Bohat See Riwaayat Milti Hain Jin Se Yeh Waazeh Hota Hai Ki Khud Allah Tabarak Wa Ta'ala Ne Apne Habib Muhammad Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Mubaaraka Par Khushi Manaa'i.

Riwaayat Shaahid Hain Ki Wilaadate Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Poora Saal Nadir-ul-Wuqoo' Mazaahir Aur Muhayyir-ul-Uqool Waaqe'aat Ka Saal Tha. Us Men Allah Ta'ala Kee Khusoosi Rahmato'n Ka Nuzool Jaari Raha Yaha'n Tak Ki Woh Sa'iyd Saa'ate'n Jin Ka Sadiyo'n Se Intezaar Tha Gardishe Maah-o Saal Kee Karwate'n Badalte Badalte Us Lamha'e Muntazar Men Simat Aa'e'n Jis Men Khaaliqe Kaa'enaat Ke Behtareen Shaahkaar Ko Manassa'e Shuhood Par Bil-Aakhir Apne Sarmadi Husn-o Jamaal Ke Saath Jalwa Gar Hona Tha. Allah Ta'ala Ne Apne Habib Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Dunya Men Aamad Ke Mauqa Par Is Qadr Charaaghaa'n Kiya Ki Sharq Taa Gharb Saare Aafaaq Raushan Ho Ga'e. Muta'addad Kutube Ahadith Men Hazrat 'Uthman Bin Abi Al-'Aas Radiya Allahu Anhu Riwaayat Karte Hain Ki Un Kee Waalida Ne Un Se Bayaan Kiya: "Jab Wilaadate Nabawi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Waqt Aaya To Main Sayyidah Aaminah Radiya Allahu Anha Ke Paas Thi. Main

Dekh Rahi Thi Ki Sitaare Aasmaan Se Neeche Dhalak Kar Qareeb Ho Rahe Hain Yaha'n Tak Ki Main Ne Mahsoos Kiya Ki Woh Mere Oopar Gir Padenge. Phir Jab Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee WilaadatBaa Sa'aadat Hu'i To Sayyidah Aaminah Se Aisa Noor Nikla Jis Se Poora Ghar Jis Men Ham The Aur Haweli Jagmag Karne Lagi Aur Mujhe Har Ek Shai Men Noor Hee Noor Nazar Aaya."

Hazrat Aboo Umamah Radiya Allahu Anhu Bayaan Karte Hain Ki Unhone Bargahe Risalat Ma'aab Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Men 'Arz Kiya: Ya RasoolAllah! Aap Kee Nubuwwate Mubaraka Kee Shuroo'at Kaisi Hu'i?Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Farmaya: "Main Apne Baap Ibrahim Kee Du'aa Aur 'Isa Kee Bashaarat Hoo'n. Aur (Meri Wilaadat Ke Waqt) Meri Waalida Maajida Ne Dekha Ki Un Ke Jisme At'har SeEk Noor Nikla Jis Se Shaam Ke Mahallaat Raushan Ho Ga'e." **[Musnad Ahmad]**

Hazrat Aaminah Apne Azeem Nau-Nihaal Ke Waaqe'aate Wilaadat Bayaan Karte Huwe Farmati Hain: "Jab Sarware Ka'enat Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Zuhoor Huwa To Saath Hee Aisa Noor Nik;a Jis Se Sharq Ta Gharb Sab Aafaaq Raushan Ho Ga'e." **[Tabaqat Ibn Sa'd]**

Ek Riwayat Men Sayyidah Aaminah Radiya Allahu Anha Se Marwi Hai Ki Waqte Wilaadat Un Se Aisa Noor Namoodaar Huwa Jis Se Un Kee Nigaaho'n Par Shaam Ke Mahallaat Aur Baazaar Raushan Ho Ga'e

Yaha'n Tak Unhone Busra Men Chalne Waale Oonto'n Kee Gardane'n Bhi Dekh Le'n. [Tabaqat Ibn Sa'd]

Ahadith Men Yaume Aashoora Ke Hawaale Hai Jashne Milaad Ko Eid Masarrat Ke Taur Par Manaane Par Muhaddithin Ne Istidlaal Kiya Hai. Yaume Aashoora Ko Yahoodi Manaate Hain Aur Yeh Woh Din Hai Jab Hazrat Moosa Alayhi Al-Salam Kee Qaum Bani Isra'il Ko Fir'awn Ke Jabar-o Istibraad Se Najaat Mili. Is Tarh Yeh Din Un Liye Yaume Fat'h Aur Aazaadi Ka Din Hai Jis Men Woh Ba-Taur Shukraana Roza Rakhte Hain Aur Khushi Manaate Hain. Muttafaqun 'Alayh Riwaayat Men Hai Ki Hijrat Ke Baa'd Jab Huzoor Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Men Yahoode Madinah Ka Yeh Amala Dekha To Farmaya: Moosa Par Mera Haq Nabi Hone Ke Naate In Se Ziyaada Hai. Chunanche Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Aashoora Ke Din Izhaare Tashakkur Ke Taur Par Khud Bhi Roza Rakha Aur Apne Sahaba'e Kiram Ridwanu Allahi Ta'ala Alayhim Ajma'in Ko Bhi Roza Rakhne Ka Hukm Farmaya. Is Par Bhi Bohat See Riwaayat Hain Jis Se Yeh Istidlaal Kiya Jaata Hai Ki Agar Yahood Apne Paighambar Kee Fat'h Aur Apni Aazaadi Ka Din Jashn Eid Ke Taur Par Mana Sakte Hain To Ham Musalmano'n Ko Badarja Aula Is Ka Haq Pahonchta Hai Ki Ham Huzoor Nabiyye Rahmat Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Ka Jashn Misaali Josh-o Kharosh Se Manaae'n Jo Allah Ka Fazl Aur Rahmat Ban Kar Poori Nasl Insaaniyyat Ko Har Qism Ke Mazaalim Aur Naa-Insaafiyo'n Se Najaat Dilaane Ke Liye Is Dunya Men Tashreef Laa'e.

www.TahirulQadriBooks.com

وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ.

**[Al-A'raf, 07: 157.]**

"Aur Un Se Un Ke Baare Gara'n Aur Tauqe (Quyood) – Jo Un Par (Nafarmaniyo'n Ke Baa'is Musallat) The – Saaqit Farmaate (Aur Unhe'n Ne'mate Aazaadi Se Bahra Yaab Karte) Hain."

Aakhiri Baat Yeh Ki Is Kaa'enaate Arzi Main Ek Momin Ke Liye Sab Se Badi Khushi Is Ke Siwa Aur Kya Ho Sakti Hai Ki Jab Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ka Maahe Wilaadat Aa'e To Use Yoo'n Mahsoos Hone Lage Ki Kaa'enaat Kee Saari Khushiya'n Hech Hain Aur Us Ke Liye Milade Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Khushi Hee Haqiqi Khushi Hai. Jis Tarh Ummame Saabiqa Par Is Se Badarjaha Kam Tar Ehsaan Aur Ne'mat 'Ata Hone Kee Soorat Men Waajib Kiya Gaya Tha Jab Ki Un Ummato'n Par Jo Ne'mat Hu'i Woh Aarizi Aur Waqti Thi Us Ke Muqabale Men Jo Daa'imi Aur Abadi Ne'mate Uzma Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Zuhoore Qudsi Kee Soorat Men Ummate Muslima Par Hu'i Hai Is Ka Taqaaza Hai Ki Woh Ba-Darja'e Atam Saraapa Tashkkur-o Imtenaan Ban Jaa'e Aur Izhaare Khushiy-o Masarrat Men Koi Kasar Na Utha Rakkhe.

Qur'an Majeed Ne Bade Baligh Andaaz Se Jumla Nau'e Insaani Ko Us Ne'mat Aur Fazl-o Rahmat Ko Yaad Rakhne Ka Hukm Diya Hai Jo Mohsine Insaniyyat Paighambare Rahmat Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Soorat Men Unhe'n 'Ata Hu'i

Aur Jis Ne Un Andhero'n Ko Chaak Kar Diya Jo Sadiyo'n Se Shabe Taarik Kee Tarh Un Par Musallat The Aur Nafrat-o Bughz Kee Woh Deewaare'n Jo Unhe'n Qbilo'n Aur Giroho'n Men MunqasimKi'eHu'e Thi'n. Irshaade Baari Ta'ala Hai:

وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا.

**[Aali Imra, 03: 103.]**

"Aur Apne Oopar (Kee Ga'i) Allah Kee Us Ne'mat Ko Yaa Karo Ki Jab Tum (Ek Dusre Ke) Dushman The To Us Ne Tumhare Dilo'n Men Ulfat Paida Kar Dee Aur Tum Us Kee Ne'mat Ke Baa'is Aapas Men Bhaa'i Bhaa'i Ho Ga'e."

Un Toote Huwe Dilo'n Ko Phir Se Jodna Aur Giroho'n Men Bati Hu'i Insaaniyyat Ko Rishta Ukhuwwat-o Mahabbat Men Paro Dena Itna Bada Waaqe'a Hai Jis Kee Koi Nazeer Taarikhe 'Aalam Pesh Karne Se Qaasir Hai. Lehaaza Milaade Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Par Khushi Manaana Aur Shukre Ilaahi Baja Laana Ummate Muslima Par Sab Khushiyo'n Se Badh Kar Waajib Ka Darja Rakhta Hai.

Shaykh-ul-Islam Doctor Muhammad Tahir-ul-Qadri Ke Is Majmoo'a'e Hadith Men Taajdare Kaa'enaat Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Baa Sa'aadat Mubaaraka Ma'a Tarjuma-o Takhrij Aur Zaroori Sharh Darj Kee Ga'i Hain. Du'aa Hai Ki Yeh Majmoo'a'e Ahadith Ahle Imaan Ke Dilo'n Men Mahabbat-o Ishqe Rasool

Kee Ziya' Baariyo'n Men Mazeed Izaafa Kare. (Aameen Bijaahi Syyid-ul-Mursaleen SallAllahu Ta'ala 'Alayhi Wa-Aalihi Wa-Sallam)

(Hafiz Zahir Ahmad Al-Isnadi)

Research Scholar, Fareede Millat Research Institute

www.TahirulQadriBooks.com

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## Al-Aayaat-ul-Qur'aniyyah

1. قُلْ بِفَضْلِ اللّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْيَفْرَحُواْ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ۝

**[Yoonus, 10: 58.]**

"Farma Dijiye: (Yeh Sab Kuchh) Allah Ke Fazl Aur Us Kee Rahmat Ke Baa'is Hai (Jo Be'sate Muhammadi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Zari'e Tum Par Huwa Hai) Pas Musalmaano'n Ko Chaahiye Ki Us Par Khushiya'n Manaaein, Yeh Us (Saare Maal-o Daulat) Se Kahi'n Behtar Hai Jise Woh Jam'a Karte Hain."

2. لَقَدْ مَنَّ اللّهُ عَلَى الْمُؤمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْ أَنفُسِهِمْ يَتْلُواْ عَلَيْهِمْ
آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُواْ مِن قَبْلُ لَفِي ضَلالٍ مُّبِينٍ۝

**[Aali Imran, 03: 164.]**

"Be Shak Allah Ne Musalmaano'n Par Bada Ehsaan Farmaya Ki Un Men Unhi Men Se ('Azamat Waala) Rasool (Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam) Bheja Jo Un Par Us Kee Aayate'n Padhta Aur Unhe'n Paak Karta Hai Aur Unhe'n Kitaab-o Hikmat Kee Ta'leem Deta Hai Agarche Woh Log Us Se Pehle Khuli Gumraahi Men The."

www.TahirulQadriBooks.com

3. يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُم بُرْهَانٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُّبِينًا۝

**[Al-Nisa', 04: 174.]**

"Ae Logo'n! Be Shak Tumhaare Paas Tumhaare Rab Kee Jaanib Se (Zaate Muhammadi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Soorat Men Zaate Haq Jalla Majduhu Kee Sab Se Ziyaada Mazboot, Kaamil Aur Waazeh) Daleele Qaate' Aa Ga'i Hai Aur Ham Ne Tumhaari Taraf (Usi Ke Saath Qur'an Kee Soorat Men) Waazeh Aur Raushan Noor (Bhi) Utaar Diya Hai."

**4.** يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُواْ عَن كَثِيرٍ قَدْ جَاءَكُم مِّنَ اللهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ۝

**[Al-Ma'idah, 05: 15_16]**

"Ae Ahle Kitaab! Be Shak Tumhaare Paas Hamaare (Yeh) Rasool (Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam) Tashreef Laa'e Hain Jo Tumhaare Liye Bohat See Aisi Baate'n (Waazeh Taur Par) Zaahir Farmaate Hain Jo Tum Kitaab Men Se Chhupaae Rakhte The Aur (Tumhaari) Bohat See Baato'n Se Dar Guzar (Bhi) Farmaate Hain. Be Shak Tumhaare Paas Allah Kee Taraf Se Ek Noor (Ya'ni Hazrat Muhammad Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam) Aa Gaya Hai Aur Ek Raushan Kitab (Ya'ni Qur'an Majeed) ."

**5.** قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيداً لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ۝

**[Al-Ma'idah, 05: 114.]**

"'Isa Bin Maryam Ne 'Arz Kiya: Ae Allah! Ae Hamaare Rab! Ham Par Aasmaan Se Khwaane (Ne'mat) Naazil Farma De Ki (Us Ke Utarne Ka Din) Hamaare Liye Eid Ho Jaa'e Hamaare Aglo'n Ke Liye (Bhi) Aur Hamaare Pichhlo'n Ke Liye (Bhi) Aur (Woh Khwaan) Teri Taraf Se Nishaani Ho Aur Hame'n Rizq 'Ata Kar! Aur Too Sab Se Behtar Rizq Dene Waala Hai."

6. وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا۝

**[Maryam, 19: 15.]**

"Aur Yahya Par Salaam Ho Un Ke Milaad Ke Din Aur Un Kee Wafaat Ke Din Aur Jis Din Woh Zinda Uthaae Jaa'enge."

7. وَالسَّلاَمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدتُّ وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيًّا۝

**[Maryam, 19: 33.]**

"Aur Mujh Par Salaam Ho Mere Milaad Ke Din, Aur Meri Wafaat Ke Din, Aur Jis Din Main Zinda Uthaaya Jaaunga."

8. وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ فَلَمَّا جَاءَهُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ۝

**[Al-Saff, 61: 06.]**

"Aur (Woh Waqt Bhi Yaad Kijiye) Jab 'Isa Bin Maryam (Alayhima Al-Salam) Ne Kaha: Ae Bani Isra'il! Be Shak Main Tumhaari Taraf Allah Ka Bheja Huwa (Rasool) Hoo'n, Apne Se Pehli Kitaab Tawraat Kee Tasdeeq Karne Waala Hoo'n Aur Us Rasoole (Mu'azzam Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Aamad Aamad) Kee Bashaarat Sunane Waala Hoo'n Jo Mere Baa'd Tashrif Laa Rahe Hain Jin Ka Naam (Aasmaano'n Men Is Waqt) Ahmad (Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam) Hai, Phir Jab Woh (Rasoole Aakhir-uz-Zama'n Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam) Waazeh Nishaaniya'n Le Kar Un Ke Paas Tashrif Le Aa'e To Woh Kehne Lage: Yeh To Khula Jaadu Hai."

**9.** لَا أُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ ۝ وَأَنْتَ حِلٌّ بِهَذَا الْبَلَدِ ۝ وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ ۝

**[Al-Balad, 90: 01_03.]**

"Main Us Shahr (Makkah) Kee Qasam Khaata Hoo'n. (Ae Habibe Mukarram!) Is Liye Ki Aap Is Shahr Men Tashrif Farma Hain. (Ae Habibe Mukarram! Aap Ke) Waalid (Aadam Ya Ibrahim Alayhima Al-Salam) Kee Qasam Aur (Un Kee) Qasam Jin Kee Wilaadat Hu'i."

www.TahirulQadriBooks.com

## Al-Ahaadith-un-Nabawiyyah

1. عَنْ عُرْوَةَ في رواية طويلة قَالَ: وَثُوَيْبَةُ مَوْلَاةٌ لِأَبِي لَهَبٍ، كَانَ أَبُوْ لَهَبٍ أَعْتَقَهَا، فَأَرْضَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا مَاتَ أَبُوْ لَهَبٍ أُرِيَهُ بَعْضُ أَهْلِهِ بِشَرِّ حِيْبَةٍ، قَالَ لَهُ: مَاذَا لَقِيْتَ؟ قَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: لَمْ أَلْقَ بَعْدَكُمْ غَيْرَ أَنِّي سُقِيْتُ فِي هٰذِهِ بِعَتَاقَتِي ثُوَيْبَةَ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالْمَرْوَزِيُّ.

"Hazrat 'Urwah Ek Taweel Riwaayat Men Bayaan Karte Hain Ki Thuwaybah Aboo Lahab Kee Laundi Thi Aur Aboo Lahab Ne Use Aazaad Kar Diya Tha, Us Ne Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ko Doodh Pilaaya Tha. Jab Aboo Lahab Mar Gaya To Us

---

1: Akhrajahu Al-Bukhari Fi As-Sahih, 05/1961, Raqm-4813,
'Abd-ur-Razzaq Fi Al-Musannaf, 07/478, Raqm-13955,
'Abd-ur-Razzaq Fi Al-Musannaf, 09/26, Raqm-16350,
Marwazi Fi As-Sunnah,/82, Raqm-290,
Ibn Sa'd Fi At-Tabaqat-ul-Kubra, 01/108,
Ibn Abi Dunya Fi Al-Manamat,/154, Raqm-263,
Bayhaqi Fi As-Sunan-ul-Kubra, 07/162, Raqm-13701,
Bayhaqi Fi Shu'ab-ul-Iman, 01/261, Raqm-281,
Bayhaqi Fi Dala'il-un-Nubuwwah, 01/149,
Baghawi Fi Sharh-us-Sunnah, 09/76, Raqm-2282.

Ke Ahle Khaana Men Se Kisi Ke Khwaab Men Woh Nihaayat Buri Haalat Men Dikhaaya Gaya. Us (Dekhne Waale) Ne Us Se Puchha: Kaise Ho? Aboo Lahab Ne Kaha: Main Bohat Sakht 'Azaab Men Hoo'n, Is Se Kabhi Chhutkaara Nahin Milta. Haa'n Mujhe (Us 'Amal Kee Jaza Ke Taur Par) Is (Ungli) Se Qadre Seraab Kar Diya Jaata Hai Jis Se Main Ne (Muhammad Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Kee Khushi Men) Thuwaybah Ko Aazaad Kiya Tha."

Ise Imam Bukhari, 'Abd-ur-Razzaq Aur Marwazi Ne Riwaayat Kiya Hai.

قَالَ الْحَافِظُ الْعَسْقَلَانِيُّ فِي الْفَتْحِ: وَذَكَرَ السُّهَيْلِيُّ أَنَّ الْعَبَّاسَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا مَاتَ أَبُوْ لَهَبٍ رَأَيْتُهُ فِي مَنَامِي بَعْدَ حَوْلٍ فِي شَرِّ حَالٍ، فَقَالَ: مَا لَقِيْتُ بَعْدَكُمْ رَاحَةً إِلاَّ أَنَّ الْعَذَابَ يُخَفَّفُ عَنِّي كُلَّ يَوْمِ اثْنَيْنِ. قَالَ: وَذَالِکَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ يَوْمَ الْإِثْنَيْنِ وَكَانَتْ ثُوَيْبَةُ بَشَّرَتْ أَبَا لَهَبٍ بِمَوْلِدِهٖ فَأَعْتَقَهَا.[1]

www.TahirulQadriBooks.com

"Hafiz (Ibn Hajar) 'Asqalani Ne Imam Suhayli Ke Hawaale Se Fat'h-ul-Bari Men Yoo'n Bayaan Kiya Hai Ki Hazrat 'Abd Allah Bin 'Abbas Radiya Allahu Anhuma Farmaate Hain: Aboo Lahab Mar Gaya To Us Se Ek Saal Baa'd Khwaab Men Bohat Bure Haal Men Dekha Aur Yeh Kehte Huwe Paaya Ki Tumhaari Judaa'i Ke

(1) Dhakarahu Al-'Asqalani Fi Fat'h-ul-Bari, 09/145.

Baa'd Aaram Naseeb Nahin Huwa Balki Sakht 'Azaab Men Giriftaar Hoo'n, Lekin Jab Peer Ka Din Aata Hai. To Mere 'Azaab Men Takhfeef Kar Dee Jaati Hai Aur Yeh Is Waj'h Se Hai Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Mubaaraka Peer Ke Din Hu'i Thi Aur Jab Thuwaybah Ne Us Roz Aboo Lahab Ko Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Kee Khabar Dee To Us Ne (Wilaadate Mustafa Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Khushi Men) Thuwaybah Ko Aazaad Kar Diya Tha."

قَالَ الْحَافِظُ شَمْسُ الدِّيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْجَزْرِيُّ فِي تَصْنِيْفِهِ 'عُرْفُ التَّعْرِيْفِ بِالْمَوْلِدِ الشَّرِيْفِ': فَإِذَا كَانَ أَبُوْ لَهَبٍ الْكَافِرُ الَّذِي نَزَلَ الْقُرْآنُ بِذَمِّهِ جُوْزِيَ فِي النَّارِ بِفَرَحِهِ لَيْلَةَ مَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِهِ، فَمَا حَالُ الْمُسْلِمِ الْمُوَحِّدِ مِنْ أُمَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَسُرُّ بِمَوْلِدِهِ، وَبَذَلَ مَا تَصِلُ إِلَيْهِ قُدْرَتُهُ فِي مَحَبَّتِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ؟ لَعَمْرِي إِنَّمَا يَكُوْنُ جَزَاؤُهُ مِنَ اللهِ الْكَرِيْمِ أَنْ يُدْخِلَهُ بِفَضْلِهِ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ.[1]

(1) Dhakarahu Al-Suyooti Fi Al-Hawi Li-'l-Fatawi Fi Al-Fiqh Wa Uloom Al-Tafsir Wa Al-Hadith Wa Al-Usool Wa Al-Nahw Wa Al-I'rab Wa Sa'ir Al-Funun,/206,

Suyooti Fi Husn Al-Maqsad Fi 'Amal Al-Mawlid,/65_66,

Qastallani Fi Al-Mawahib-ul-Ladunniyyah, 01/147,

"Hafiz Shams Al-Deen Muhammad Bin 'Abd Allah Jazari (Mutawaffa 660 Hijri) Apni Tasneef **"Urf-ut-Ta'rifi Bi-Al-Mawlid-ish-Sharif"** Men Likhte Hain: Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadate Baa Sa'aadat Ke Mauqa Par Khushi Manaane Ke Ajr Men Us Aboo Lahab Ke 'Azaab Men Bhi Takhfeef Kar Dee Jaati Hai Jis Kee Mazammat Men Qur'an Hakeem Men Ek Mukammal Soorat Naazil Hu'i Hai. To Ummate Muhammadiyyah Ke Us Musalmaan Ko Milne Waale Ajr-o Sawaab Ka Kya 'Aalam Hoga Jo Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Milad Kee Khushi Manaata Hai Aur Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Mahabbat-o Ishq Men Hasbe Istetaa'at Kharch Karta Hai? Khuda Kee Qasam! Mere Nazdeek Allah Ta'ala Aise Musalman Ko Apne Habibe Mukarram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Khushi Manaane Ke Tufayl Apni Ne'mato'n Bhari Jannat 'Ata Farmaaenge."

www.TahirulQadriBooks.com

**قَالَ الْحَافِظُ شَمْسُ الدِّيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرِ الدِّيْنِ الدِّمَشْقِيُّ فِي تَصْنِيْفِهٖ 'مَوْرِدُ الصَّادِي فِي مَوْلِدِ الْهَادِي': قَدْ صَحَّ أَنَّ أَبَا لَهَبٍ يُخَفَّفُ**

---

Zarqani Fi Sharh Al-Mawahib-ul-Ladunniyyah, 01/260_261,

Salihi Fi Subul Al-Huda Wa Al-Rashad, 01/366_367,

Nab'hani Fi Hujjatu Allahi 'Ala Al-'Alamin Fi Mu'jizat Sayyid-il-Mursalin SallAllahu 'Alayhi Wa-Aalihi Wa-Sallam,/237_238.

عَنْهُ عَذَابُ النَّارِ فِي مِثْلِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ لِإِعْتَاقِهِ ثُوَيْبَةَ سَرُوْرًا بِمِيْلَادِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ.

إِذَا كَانَ هٰذَا كَافِرٌ جَاءَ ذَمُّهُ
وَتَبَّتْ يَدَاهُ فِي الْجَحِيْمِ مُخَلَّدَا

أَتٰى أَنَّهُ فِي يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ دَائِمًا
يُخَفَّفُ عَنْهُ لِلسَّرُوْرِ بِأَحْمَدَا

فَمَا الظَّنُّ بِالْعَبْدِ الَّذِي طُوْلَ عُمْرِهٖ
بِأَحْمَدَ مَسْرُوْرًا وَمَاتَ مُوَحِّدًا[1]

"Hafiz Shams-ud-Deen Muhammad Bin Nasir-ud-Deen Dimashqi (777_842 Hijri) Apni Tasneef "**Mawrid-us-Sadi Fi Mawlid-il-Hadi**" Men Farmaate Hain: Yeh Baat Paaya'e Suboot Ko Pahonch Chuki Hai Ki RasoolAllah Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Kee Khushi Men Thuwaybah

(1) **Dhakarahu Al-Suyooti Fi Al-Hawi Li-'l-Fatawi,/206,**
**Suyooti Fi Husn Al-Maqsad Fi 'Amal Al-Mawlid,/66,**
**Nab'hani Fi Hujjatu Allahi 'Ala Al-'Alamin Fi Mu'jizat Sayyid-il-Mursalin SallAllahu 'Alayhi Wa-Aalihi Wa-Sallam,/238.**

Ko Aazaad Karne Ke Sila Men Har Peer Ke Roz Aboo Lahab Ke Azaab Men Kami Kee Jaati Hai. Lehaaza:

Jab Aboo Lahab Jaise Kaafir Ke Liye. Jis Kee Mazammat Qur'an Hakeem Men Kee Ga'i Hai Aur Hamesha Hamesha Ke Liye Jahannam Men Us Ke Haath Tut'te Rahenge. Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Milaad Kee Khushi Manaane Kee Waj'h Se Har Somwaar Ko Us Ke 'Azaab Men Takhfeef Kar Dee Jaati Hai, To Us Shakhs Ke Baare Men Tera Kya Khayaal Hai Jis Ne Apni Saari 'Umr Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Milaad Kee Khushi Manaa'i Aur Tawheed Par Faut Huwa."[1]

---

(1) "Shaykh 'Abd-ul-Haq Muhaddith Dihlawi (958_1052 Hijri) Isi Riwaayat Ka Tazkira Karne Ke Baa'd "Madarij-un-Nubuwwah (02/19)" Men Likhte Hain:

در اینجا سند است مر اہل موالید را کہ در شبِ میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سرور کنند و بذل اموال نمایند یعنی ابولہب کہ کافر بود، و قرآن بمذمت وے نازل شدہ، چوں بسرور میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و بذل شیر جاریہ وے بجہت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جزا دادہ شد تا حال مسلمان کہ مملوست بمحبت و سرور و بذل مال در وے چہ باشد۔ ولیکن باید کہ از بدعتہا کہ عوام احداث کردہ انداز تغنی وآلات محرمہ ومنکرات خالی باشد تا موجب حرمان اَز طریقہ اِتباع نگردد۔

"Yeh Riwaayat Milaad Ke Mauqa Par Khushi Manaane Aur Maal Sadaqa Karne Waalo'n Ke Liye Daleel Aur Sanad Hai. Aboo Lahab Jis Kee Mazammat Men Ek Mukammal Qur'ani Soorat Naazil Hu'i Jab Woh Huzoor Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Wilaadat Kee Khushi Men Laundi Aazaad Kar Ke 'Azaab Men Takhfeef Haasil Kar Leta Hai To Musalman Kee Khushi Ka Kya 'Aalam Hoga Jo Apne Dil Men Maujzan Mahabbate Rasool Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Kee Waj'h Se Wilaadate Mustafa Ke Din Masarrat Aur Aqidat Ka Izhaar Kare. Lekin Zaroorat Is Amr Kee Hai Ki (Yeh Izhaare Masarrat Aur Aqidat) Un Bid'aat Se Paak Ho Jinhe'n Awaam-un-Naas Ne Ghad Liya Hai Jaise

2. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَجَدَ الْيَهُوْدَ يَصُوْمُوْنَ عَاشُوْرَاءَ فَسُئِلُوْا عَنْ ذَالِکَ، فَقَالُوْا: هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِي أَظْفَرَ اللهُ فِيْهِ مُوْسٰى وَبَنِي إِسْرَائِيْلَ عَلٰى فِرْعَوْنَ وَنَحْنُ نَصُوْمُهُ تَعْظِيْمًا لَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: نَحْنُ أَوْلٰى بِمُوْسٰى مِنْكُمْ. ثُمَّ أَمَرَ بِصَوْمِهٖ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

"Hazrat 'Abd Allah Bin 'Abbas Radiya Allahu Anhuma Bayaan Karte Hain Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Jab Madinah Tshareef Laa'e To Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Dekha Ki Yahoodi Yaume 'Aashoora Ka Roza Rakhte Hain. Pas Un Se Us Kee Baabat Daryaaft Kiya Gaya To Unhone Kaha: Us Din Allah Ta'ala Ne Hazrat Moosa Alayhi Al-Salam Aur Bani Isra'il Ko Fir'awn Par Ghalaba Wa Nusrat 'Ata Farmaa'i To Ham Is 'Azeem Kaamyaabi Kee Ta'zeem-o Takreem Baja Laane Ke Liye Us Din Roza Rakhte Hain. Us Par Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Farmaya: Ham Tum Se Ziyaada Moosa Ke Haq-Daar Hain. Phir Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne (Khud Bhi

---

Mooseeqi Aur Haraam Aalaat Aur Isi Tarh Ke Deegar Mamnoo'aat, Taa Ki Itteba'e Rasool Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ke Raaste Se Mehroomi Ka Baa'is Na Bane."

2: Bukhari Fi As-Sahih, 03/1434, Raqm-3727,
Muslim Fi As-Sahih, 02/795, Raqm-1130,
Aboo Dawud Fi As-Sunan, 02/326, Raqm-2444,
Ibn Majah Fi As-Sunan, 01/552, Raqm-1734.

Roza Rakha Aur Sahaba'e Kiram Ridwanu Allahi Ta'ala Alayhim Ajma'in Ko Bhi) Roza Rakh Ne Ka Hukm Diya."

Yeh Hadith Muttafaqun 'Alayh Hai.

3. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَوَجَدَ الْيَهُوْدَ صِيَامًا يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِي تَصُوْمُوْنَهُ؟ فَقَالُوْا: هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ أَنْجَى اللهُ فِيْهِ مُوْسٰى وَقَوْمَهُ وَغَرَّقَ فِرْعَوْنَ وَقَوْمَهُ، فَصَامَهُ مُوْسٰى شُكْرًا، فَنَحْنُ نَصُوْمُهُ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: فَنَحْنُ أَحَقُّ وَأَوْلٰى بِمُوْسٰى مِنْكُمْ. فَصَامَهُ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ.

"Hazrat 'Abd Allah Bin 'Abbas Radiya Allahu Anhuma Bayan Karte Hain Ki RasoolAllah Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Madina Tashrif Laa'e To Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Yahoodiyo'n Ko Yaume Aashoora Ka Roza Rakhte Paaya. To RasoolAllah Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Un Se Puchha: Yeh Kaunsa (Khaas) Din Hai Jis Ka Tum Roza Rakhte Ho? Unhone

---

3: Akhrajahu Al-Bukhari Fi As-Sahih, 03/1244, Raqm-3216,
Muslim Fi As-Sahih, 02/796, Raqm: (2)1130,
Ibn Majah Fi As-Sahih, 01/552, Raqm-1734,
Ahmad Bin Hanbal Fi Al-Musnad, 01/336, Raqm-3112.

Kaha: Yeh Bohat ‘Azeem Din Hai Ki Allah Ta’ala Ne Is Men Moosa Alayhi Al-Salam Aur Un Kee Qaum Ko Najaat ‘Ata Kee Jab Ki Fir’awn Aur Us Kee Qaum Ko Gharq Kiya. Hazrat Moosa Alayhi Al-Salam Ne Shukraane Ke Taur Par Us Din Ka Roza Rakha, Lehaza Ham Bhi Roza Rakhte Hain. Is Par RasoolAllah Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Farmaya: Tumhari Nisbat Ham Moosa Ke Ziyada Haq-Daar Aur Qareebi Hain. Pas Us Din RasoolAllah Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Khud Bhi Roza Rakha Aur (Sahaba’e Kiram Ridwanu Allahi Ta’ala Alayhim Ajma’in Ko Bhi) Us Din Ka Roza Rakhne Ka Hukm Farmaya.”

Yeh Hadith Muttafaqun ‘Alayh Hai Aur Mazkoora Alfaaz Muslim Ke Hain.

4. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَرَأَى الْيَهُوْدَ تَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: هٰذَا يَوْمٌ صَالِحٌ، هٰذَا يَوْمٌ نَجَّى اللهُ بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنْ عَدُوِّهِمْ فَصَامَهُ مُوْسٰى. قَالَ: فَأَنَا أَحَقُّ بِمُوْسٰى مِنْكُمْ. فَصَامَهُ وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ وَأَبُوْ يَعْلٰى.

www.TahirulQadriBooks.com

4: Akhrajahu Al-Bukhari Fi As-Sahih, 02/704, Raqm-1900,
Ahmad Bin Hanbal Fi Al-Musnad, 01/291, Raqm-2644,
Aboo Ya’la Fi Al-Musnad, 04/441, Raqm-2567.

"Hazrat 'Abd Allah Bin 'Abbas Radiya Allahu Anhuma Bayaan Karte Hain Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Jab Madinah Munawwarah Tashreef Laa'e To Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Dekha Ki Yahoodi Yaume Aashoora (Das Muharram) Ka Roza Rakhte Hain. Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Un Se Us Din Roza Rakhne Ka Sabab Daryaaft Farmaya: To Unhone Jawaab Diya: Yeh Din (Hamaare Liye) Mutabarrik Hai. Yeh Woh Mubaarak Din Hai Jis Din Allah Ta'ala Ne Bani Isara'il Ko Un Ke Dushman (Fira'wn) Se Najaat Dilaa'i (Yeh Hamaara Yaume Aazaadi Aur Yaume Najaat Hai). Pas Hazrat Moosa Alayhi Al-Salam Ne Us Din Roza Rakha. Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Farmaya: Tum Se Ziyaada Moosa Ka Haq-Daar Main Hoo'n. Chunaanche Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Us Din Ka Roza Rakha Aur (Sahaba'e Kiram Ridwanu Allahi Ta'ala Alayhim Ajma'in Ko Bhi) Us Din Roza Rakhne Ka Hukm Farmaya."

Ise Imam Bukhari, Ahmad Aur Aboo Ya'la Ne Riwaayat Kiya Hai.

www.TahirulQadriBooks.com

5. عَنْ أَبِي مُوْسٰى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ تَعُدُّهُ الْيَهُوْدُ عِيْدًا، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: فَصُوْمُوْهُ أَنْتُمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

"Hazrat Aboo Moosa Ash'ari Radiya Allahu Anhu Farmaate Hain: Yaume 'Aashoora Ko Yahoodi Yaume Eid Shumaar Karte The.

5: Akhrajahu Al-Bukhari Fi As-Sahih, 02/704_705, Raqm-1901.

Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne (Musalmano'n Ko Hukm Dete Huwe) Farmaya: Tum Zaroor Is Din Roza Rakha Karo."

Ise Imam Bukhari Ne Riwaayat Kiya Hai.

6. عَنْ أَبِي مُوْسٰى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ يَوْمًا تُعَظِّمُهُ الْيَهُوْدُ وَتَتَّخِذُهُ عِيْدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: صُوْمُوْهُ أَنْتُمْ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالنَّسَائِيُّ وَالطَّحَاوِيُّ.

"Hazrat Aboo Moosa Ash'ari Radiya Allahu Anhu Farmaate Hain: Yahoodi Yaume 'Aashoora Kee Ta'zeem Karte The Aur Use Eid Ke Taur Par Manaate The. Pas Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne (Musalmano'n) Ko Hukm Diya Ki Tum Bhi Is Din Roza Rakho."

Ise Imam Muslim, Nasa'i Aur Tahaawi Ne Riwaayat Kiya Hai.

www.TahirulQadriBooks.com

6: Akhrajahu Muslim Fi As-Sahih, 02/796, Raqm: (1) 1131,
Nasa'i Fi As-Sunan-ul-Kubra, 02/159, Raqm-2848,
Tahawi Fi Sharh Ma'ani Al-Athar, 02/133, Raqm-3217,
Bayhaqi Fi As-Sunan-ul-Kubra, 04/289, Raqm-8197.

7. عَنْ أَبِي مُوْسٰى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ أَهْلُ خَيْبَرَ يَصُوْمُوْنَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ يَتَّخِذُوْنَهُ عِيْدًا وَيُلْبِسُوْنَ نِسَائَهُمْ فِيْهِ حُلِيَّهُمْ وَشَارَتَهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: فَصُوْمُوْهُ أَنْتُمْ۔.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

"Hazrat Aboo Moosa Ash'ari Radiya Allahu Anhu Farmate Hain: Ahle Khaybar Yaume Aashoora Ka Roza Rakhte Aur Use Eid Ke Taur Par Manaate The. Us Din Woh Apni 'Aurato'n Ko Khoob Zewaraat Pehnaate Aur Un Ka Banaao Singhaar Karte. To Rasool Allah Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne (Musalmano'n Se) Farmaya: Tum Bhi Is Din Roza Rakha Karo."

Ise Imam Muslim Ne Riwaayat Kiya Hai.

8. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِأُنَاسٍ مِنَ الْيَهُوْدِ قَدْ صَامُوْا يَوْمَ عَاشُورَاءَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا مِنَ الصَّوْمِ؟ قَالُوْا: هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِي نَجَّى اللّٰهُ مُوْسٰى وَبَنِي إِسْرَائِيلَ مِنَ الْغَرَقِ، وَغَرَّقَ فِيْهِ فِرْعَوْنَ، وَهٰذَا يَوْمٌ اسْتَوَتْ فِيْهِ السَّفِيْنَةُ عَلَى الْجُوْدِيِّ، فَصَامَهُ نُوْحٌ وَمُوْسٰى شُكْرًا لِلّٰهِ تَعَالٰى. فَقَالَ

---

7: Akhrajahu Muslim Fi As-Sahih, 02/796, Raqm-1131.

8: Akhrajahu Ahmad Bin Hanbal Fi Al-Musnad, 02/359_360, Raqm-8702, 'Asqalani Fi Fat'h-ul-Bari Sharh Sahih Al-Bukhari, 04/247.

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَحَقُّ بِمُوْسٰى وَأَحَقُّ بِصَوْمِ هٰذَا الْيَوْمِ. فَأَمَرَ أَصْحَابَهُ بِالصَّوْمِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ.

"Hazrat Aboo Hurayrah Radiya Allahu Anhu Bayaan Karte Hain Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Yahood Ke Chand Logo'n Ke Paas Se Guzre Jo Ki 'Aashoora Ke Din Ka Roza Rakhte The. Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Un Se Puchha: Yeh Kis Cheez Ka Roza Hai? Unhone Jawaab Diya: Yeh Woh Din Hai Jis Din Allah Ta'ala Ne Hazrat Moosa Alayhi Al-Salam Aur Bani Isra'il Ko Darya Men Gharq Hone Se Bachaya Aur Fir'awn Ko Gharq Kar Diya Aur Yeh Woh Din Hai Jis Men Joodi Pahaadi Par Kashti Thehri To Hazrat Nooh Aur Moosa Alayhima Al-Salam Ne Allah Ta'ala Ka Shukr Ada Karte Huwe Roza Rakha. Is Par Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Farmaya: Main Hazrat Moosa Ka Ziyaada Haqdaar Hoo'n Aur Main Is Din Roza Rakhne Ka Ziyaada Haq Rakhta Hoo'n. Phir Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Sahaba'e Kiram Ridwanu Allahi Ta'ala Alayhim Ajma'in Ko Bhi Us Din Roza Rakhne Ka Hukm Diya."

Ise Imam Ahmad Ne Riwaayat Kiya Hai.

وَقَدْ سُئِلَ شَيْخُ الإِسْلَامِ حَافِظُ الْعَصْرِ أَبُو الْفَضْلِ ابْنُ حَجَرٍ عَنْ عَمَلِ الْمَوْلِدِ، فَأَجَابَ بِمَا نَصُّهُ: قَالَ: وَقَدْ ظَهَرَ لِي تَخْرِيْجُهَا عَلٰى أَصْلٍ ثَابِتٍ، وَهُوَ مَا ثَبَتَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ مِنْ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ، فَوَجَدَ الْيَهُوْدَ يَصُوْمُوْنَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَسَأَلَهُمْ، فَقَالُوْا: هُوَ يَوْمٌ أَغْرَقَ اللهُ فِيْهِ فِرْعَوْنَ، وَنَجَّى مُوْسٰى، فَنَحْنُ نَصُوْمُهُ شُكْرًا ِاللهِ تَعَالٰى.

فَيُسْتَفَادُ مِنْهُ فِعْلُ الشُّكْرِ ِاللهِ تَعَالٰى عَلٰى مَا مَنَّ بِهٖ فِي يَوْمٍ مُعَيَّنٍ مِنْ إِسْدَاءِ نِعْمَةٍ، أَوْ دَفْعِ نِقْمَةٍ، وَيُعَادُ ذَالِکَ فِي نَظِيْرِ ذَالِکَ الْيَوْمِ مِنْ كُلِّ سَنَةٍ.

وَالشُّكْرُاللهِ تَعَالٰى يُحْصَلُ بِأَنْوَاعِ الْعِبَادَاتِ كَالسُّجُوْدِ وَالصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ وَالتِّلَاوَةِ، وَأَيُّ نِعْمَةٍ أَعْظَمُ مِنَ النِّعْمَةِ بِبُرُوْزِ هٰذَا النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الَّذِي هُوَ نَبِيُّ الرَّحْمَةِ فِي ذَالِکَ الْيَوْمِ.[1]

(1) Dhakarahu Al-Suyooti Fi Husn Al-Maqsad Fi ʻAmal Al-Mawlid,/63,
Suyooti Fi Al-Hawi Li-'l-Fatawi,/205_206,
Salihi Fi Subul Al-Huda Wa Al-Rashad Fi Sirat Khayr Al-ʻIbad, 01/366,
Zarqani Fi Sharh Al-Mawahib-ul-Ladunniyyah, 01/263,
Sayyid Ahmad Bin Zayni Dahlan Fi Sirat-un-Nabawiyyah, 01/54,
Nab'hani Fi Hujjatu Allahi ʻAla Al-ʻAlamin Fi Mu'jizat Sayyid-il-Mursalin,/237.

"Shaykh-ul-Islam Hafiz Al-'Asr Aboo Al-Fadl Ibn Hajar Se Milaad Sharif Ke 'Amal Ke Hawala Se Puchha Gaya To Unhone Us Ka Jawaab Kuchh Yoo'n Diya: 'Mere Nazdeek Yaume Milaad-un-Nabi Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Manaane Kee Asaasi Daleel Woh Hai Jise "Sahihayn" Men Riwaayat Kiya Gaya Hai Ki Huzoor Nabiyye Akram Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Madinah Tashreef Laa'e To Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Yahood Ko Yaume 'Aashoor Ka Roza Rakhte Huwe Paaya. Aap Salla Allahu Alayhi Wa-Ala Alihi Wa-Sallam Ne Ne Un Se Puchha: Aisa Kyoo'n Karte Ho? Is Par Woh 'Arz Kuna'n Huwe Ki Us Din Allah Ta'ala Ne Fir'awn Ko Gharq Kiya Aur Moosa Alayhi Al-Salam Ko Najaat Dee, So Ham Allah Ta'ala Kee Baargaah Men Shukr Baaja Laane Ke Liye Us Din Ka Roza Rakhte Hain."

